SCAN TO VERIFY
LAW DEPARTMENT
GOVERNMENT OF SINDH
www.sindhlaws.gov.pk

سندھ آرڈیننس نمبر VII مجریہ 2001
SINDH ORDINANCE NO.VII OF 2001
سندھ سول ملازمین (مقرریوں کے متعلق موزنیت کی تشخیص) آرڈیننس، 2001
THE SINDH CIVIL SERVANTS (ASSESSMENT OF SUITABILITY OF APPOINTMENT) ORDINANCE, 2001

فہرست (CONTENTS)

تمہید (Preamble)
دفعات (Sections)
1. مختصر عنوان اور شروعات
Short title and commencement
2. تعریف
Definitions
3. کمیشن کو رجوع ریفرنس
Reference to commission
4. ملازمت سے برطرفی
Termination of service
5. سینیارٹی
Seniority
6. دائرہ اختیار پر پابندی اور مقدمات سے منع
Bar of Jurisdiction and abatement of suits

سندھ آرڈیننس نمبر VII مجریہ 2001
SINDH ORDINANCE NO.VII OF 2001
سندھ سول ملازمین (مقرریوں کے متعلق موزنیت کی تشخیص) آرڈیننس، 2001
THE SINDH CIVIL SERVANTS (ASSESSMENT OF SUITABILITY

OF APPOINTMENT) ORDINANCE, 2001

[20 جنوری 2001]

تمہید (Preamble)

آرڈیننس جس کے ذریعے کمیشن کو رجوع کرنے کے بغیر مخصوص عہدوں پر مقرر کئے گئے افراد کی مقرری کی موزونیت کی تشخیص کرنے اور تبادلے کے ذریعے مقرر کئے گئے افراد کی مقرری کی موزنیت کی تشخیص کرنے اور تبادلے کے ذریعے مقرر کئے گئے افراد، جو دوسری صورت میں فواعد میں تبادلے کے لئے اہل نہیں تھے ان کی مقرری کی تشخیص کرنے کی گنجائش نکالی جائے گی۔

جیسا کہ کمیشن سے رابطہ کرنے کے سوا مخصوص عہدوں پر مقرر کئے گئے افراد کی مقرری کی موزونیت کی تشخیص اور تبادلے کے ذریعے مقرر کئے گئے افراد، جو دوسری صورت میں قواعد عوامی مفاد میں قواعد میں تبادلے کے لئے اہل نہیں تھے ان کی مقرری کی تشخیص کرنا ضروری ہوگیا ہے۔ جس کو اس طرح سے عمل میں لایا جائے گا؛

اور جیسا کہ سندھ کا گورنر مطمئن ہے کہ موجود صورتحال میں فوری قدم اٹھانا ضروری ہے؛

مختصر عنوان اور شروعات
Short title and commencement

لہذا اب اس لئے مندرجہ بالا اعلان اور پرووِیزنل کانسٹیٹیوشن آرڈر کے ساتھ پڑھیں 1999 کے پرووِیزنل کانسٹیٹیوشن آرڈر کے پرووِیزنل کانسٹیٹیوشن (ترمیم) آرڈر نمبر 9 اور اس سلسلے میں ملے ہوئے تمام اختیارات کو بروئے کار لاتے ہوئے سندھ کا گورنر بخوشی مندرجہ ذیل آرڈیننس بنا کر نافذ کرنا فرماتا ہے:

1. (1) اس آرڈیننس کو سندھ سرکاری ملازمین (مقرری کے متعلق موزونیت کی تشخیص) آرڈیننس، 2001 کہا جائے گا۔

(2) یہ فی الفور نافذ لاگو ہوگا۔

تعریف
Definitions

2. اس آرڈیننس میں جب تک کچھ مضمون اور مفہوم کے متضاد نہ ہو، تب تک:

(a) ”کمیشن“ سے مراد سندھ پبلک سروس؛
(b) ”قواعد“ سے مراد سندھ صوبے میں لاگو کے لئےمغربی پاکستان سول سروس (ایگزیکیوٹو برانچ) رولز 1964؛

کمیشن کو رجوع ریفرنس
Reference to commission

(c) ”ملازمت“ سے مراد ملازمت جیسا کہ قواعد میں بیان کیا گیا ہو؛
(d) ”مخصوص آسامی“ سے مراد :
(i) بی پی ایس 16 یا اس سے زیادہ کوئی آسامی جیسا کہ سندھ پبلک سروس کمیشن فنکشنز رولز کے رول 5 میں بیان کیا گیا ہو اور کمیشن سے رجوع کرنے کے سواء پر کی گئی ہو اور ؛ یا

ملازمت سے برطرفی
Termination of service

(ii) ملازمت میں وہ آسامی جو تبادلے کے ذریعے پر کئی گئی ہے لیکن 5(5)(c) رولز کے مطابق اس پر مقرر کئے گئے افراد ان آسامیوں پر کام نہیں کر پائے۔

سینیارٹی
Seniority

3.کوئی شخص جو 1985 سے 1997 تک مخصوص عہدے پر اور کسی بھی حیثیت پر مقرر کیا گیا ہے اور اس آرڈیننس کے لاگو ہونے پر، جب تک کچھ قانون قواعد یا کسی ڈکری حکم یا عدالتی فیصلےکے متضاڈ نہیں ہے اس کو کمیشن کے سامنے پیش ہونا پڑے گا تا کہ مخصوص عہدے پر مقرری کے لئے موزنیت کے متعلق تحریر میں امتحان دے یا انٹرویو دے، متعلقہ فرد ہدایات پر عمل کرے گا۔

دائرہ اختیار پر پابندی اور مقدمات سے منع
Bar of Jurisdiction and abatement of suits

4.جہاں کوئی متعلقہ فرد دفعہ 3 کے تحت جاری کی گئی ہدایات پر عمل کرنے میں ناکام ہوتا ہے تو اس فرد کی ملازمت فوری طور پر جس وقت سے وہ ہدایات پر عمل نہیں کرتا کمیشن کی طرف سے نتائج کا اعلان کرنے والی تاریخ سے ختم کی جائے گی یا جیسا معاملہ ہو۔
5.جہاں متعلقہ فرد مخصوص عہدے پر کمیشن کی طرف س موزوں قرار دیا جائے تو وہ ملازمت جاری رکھے گا۔ اور اس آرڈیننس کے لاگو ہونے سے پہلے فوری طور پر اسے تمام سینیارٹی سونپی جائے گی۔
6.کسی بھی عدالت کو اس آرڈیننس کے تحت جاری

کی گئی ہدایات یا کئے گئے کسی کام یا کچھ کرنے کے ارادے پر کوئی کاروائی کرنے کا فیصلہ سنانے یا اس سے متعلقہ کوئی حکم جاری کرنے کا دائرہ اختیار نہیں ہوگا اور اس آرڈیننس کے لاگوہ ہونے پر اس سلسلے میں زیر التویٰ مقدمات، اپیلیں اور درخواستیں خارج ہو جائیں گی۔

نوٹ: آرڈیننس کا مذکورہ ترجمہ عام افراد کی واقفیت کے لیئے ہے جو کورٹ میں استعمال نہیں کیا جا سکتا۔